SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

January 22, 2021

## ایس ای سی پی کا ہاؤسنگ فنانس کمپنیوں کو فروغ دینے کے لیے ویبنار

اسلام آباد (جنوری 22) سکیورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے پاکستان میں ہاؤسنگ فنانس کمپنیوں کو فروغ دینے کے لیے، ایس ای سی پی کی نان بینکنگ فنانس کمپنیوں کے ریگولیٹری فریم ورک بارے میں آگہی پیدا کرنے کے لئے پاکستان مارگیج ری فنانس کمپنی (پی ایم آر سی) اور انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) کے اشتراک سے ایک ویبنار منعقد کیا۔

ویبنار سے خطاب کرتے ہوئے ایس ای سی پی کے کمشنر برائے سپیشلائزڈ کمپنیز فرخ سبزواری نے ہاؤسنگ فنانس سیکٹر کی اہمیت اور اس شعبے کے ساتھ وابستہ چالیس سے زائد صنعتوں پر روشنی ڈالی اور ہاؤسنگ فنانس مارکیٹ میں نئے سرمایہ کاروں کے لیے دستیاب مواقع پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس شعبے کو درپیش بڑے چیلنجوں کی بھی نشاندہی کی اور ہاوسنگ فنانس کمپنیوں کی تشکیل کو سہل بنانے کے لئے ریگولیٹری فریم ورک میں ترامیم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

پاکستان مارگیج ری فنانس کے چیف ایگزیکٹو مدثر ایچ خان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ہاؤسنگ مارگیج مارکیٹ کے فروغ میں ان کے ادارے کے کردار کو اجاگر کیا۔ انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کے چارلس سنیڈر نے بین الاقوامی دائرہ اختیار اور پاکستان میں اس شعبے کے فروغ کی ضرورت اور موجودہ مواقعوں پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر ملائشیا سے آئے ہوئے ہاوسنگ کے بین الاقوامی ماہراین کے روپن نے علاقائی منڈیوں کا تزکرہ کرتے ہوئے سستی رہائش کے فروغ میں ایچ ایف سی کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس تقریب میں موجود کے پی کے بورڈ آف انویسٹمنٹ کے سی ای او مسٹر حسن داؤد بٹ نے کہا کہ کے پی کے میں ہاؤسنگ مارکیٹ میں بہت زیادہ صلاحیت موجود ہے اور وہ نئے آنے والے سرمایہ کاروں کے لئے اچھے مواقع فراہم کرنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کرینگے۔ دیگر مقررین میں نیا پاکستان ہاؤسنگ ٹاسک فورس کے چیئرمین زیگیم رضوی اور اخوت کے سی ای او ڈاکٹر امجد ثاقب شامل تھے۔